امام خود ہی اقامت کہے، تو مقتدی کس وقت کھڑے ہوں گے؟

مجیب: مفتی ابو محمد علی اصغر عطاری

فتوی نمبر: Gul-2415

تاریخ اجراء: 23 جمادی الاخریٰ 1443ھ / 27 جنوری 2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر امام خود ہی اقامت کہے، تو مقتدی بیٹھ کر اقامت سنیں گے یا کھڑے ہو کر؟ اگر بیٹھ کر سنیں گے، تو کس وقت کھڑے ہوں گے؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

اگر امام ہی تکبیر کہے، تو اب مقتدی تکبیر بیٹھ کر سنیں گے اور تکبیر مکمل ہونے کے بعد نماز کے لیے کھڑے ہوں گے، اس سے پہلے کھڑے نہیں ہوں گے۔

درمختار میں ہے: ”اذا اقام الامام بنفسه فی مسجد فلا یقفوا حتی یتم اقامته“ یعنی جب امام خود ہی مسجد میں اقامت کہے، تو مقتدی اقامت مکمل ہونے تک کھڑے نہیں ہوں گے۔ (الدرالمختار مع الردالمحتار، جلد 2، صفحہ 216، کوئٹہ)

امام ہی تکبیر کہے، تو اب مقتدیوں کو کھڑے ہونے کی اجازت نہیں۔ اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے محیط برہانی میں ہے: ”لانهم لو قاموا اقاموا لاجل الصلاة ولا وجه اليه لانهم تابعون لامامهم وقيام امامهم في هذه الحالة لاجل الاقامة لا لاجل الصلاة“ یعنی مقتدیوں کو کھڑا ہونے کی اجازت اس لیے نہیں کہ اگر وہ کھڑے ہوں گے، تو نماز کے لیے کھڑے ہوں گے اور فی الحال نماز کے لیے کھڑے ہونے کی حاجت نہیں، کیونکہ وہ اس معاملے میں اپنے امام کے تابع ہیں اور امام صاحب اس وقت نماز کے لیے نہیں، بلکہ اقامت کہنے کے لیے کھڑے ہیں۔ (المحیط البرھانی، جلد 1، صفحہ 354، بیروت)

فتاوی رضویہ میں ہے: ”اگر خود امام ہی تکبیر کہے، تو جب تک پوری تکبیر سے فارغ نہ ہولے، مقتدی اصلاً کھڑے نہ ہوں۔“ (فتاوی رضویہ، جلد 5، صفحہ 381، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

فتاوی ملک العلماء میں ہے: ”امام اور مکبر دونوں ایک ہی شخص ہے اور امام نے مسجد میں آکر تکبیر شروع کی، تو جب تک تکبیر پوری ختم نہ ہو جائے، مقتدی سب کے سب بیٹھے رہیں، کوئی کھڑا نہ ہو۔“ (فتاوی ملک العلماء، صفحہ 81، شبیر برادرز، لاھور)

اقامت کے وقت مقتدیوں کے کھڑے ہونے کے متعلق مزید معلومات کے لیے فتاوی ملک العلماء، صفحہ 81 تا 105 کا مطالعہ فرمائیے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net daruliftaahlesunnat DaruliftAhlesunnat

Dar-ul-Ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net